13/01/2026

12.25 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کے کلا کیندر میں کیسر آرٹ سرکل کی گولڈن جوبلی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ روحانی اور ثقافتی جڑوں سے نئے تخلیقی افق تک ، جموں و کشمیر کو آرٹ ہب کے طور پر دوبارہ منظر عام پر لانا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے ۔لیفٹننٹ گورنر نے زور دے کر کہا کہ ہمارے ورثے کی حفاظت مستقبل کی تعمیر کی بنیاد ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر کو عالمی آرٹ ہب میں تبدیل کرنا ایک مشترکہ ذمہ داری ہے ۔ تقریب میں لیفٹننٹ گورنر نے مشہور مصور اور کیسر آرٹ سرکل کے بانی شری بھوشن کیسر کو اعزاز سے نوازا ۔

انہوں نے فنکاروں ، مفکرین ، مصورین اور مجسمہ سازوں کو معاشرے کا " ضمیر" قرار دیتے ہوئے ان کے اہم کردار پر روشنی ڈالی کہ وہ جمہوریت میں عوامی شرکت اور قوم کی ترقی کے سفر کو آگے بڑھاتے ہیں ۔

لوہڑی

فصلوں کی کٹائی کا تہوار لوہڑی آج منایا جا رہا ہے ۔یہ تہوار پک چکی فصلوں کی خوشی اور سورج کے شمال کی جانب سفر سے وابستہ ہے ۔لوگ شام کے وقت الا و

جلاتے ہیں اور روایتی گیت بھی گاتے ہیں ۔ ۓ

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو ،لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، نائب وزیر اعلیٰسریندر کمار چودھری ، کابینہ وزراءسکینہ ایتو ،جاوید احمد رانا ،ستیش شرما ، جاوید احمد

کشمیر وی کے بردی نے لوہڑی اور مکر سنکرانتی کے موقعہ پر عوام کو مبارک باد IGP ڈاراور دی ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل جموں میں جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے 19 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے علاوہ قریب ساڑھے 13 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا ۔اس موقعہ پر انہوں نے تمام ترقیاتی پروجیکٹوں کو بر وقت مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے ۔انہوں نے ساتھ ہی ایک Sewerage مشین اور ایمبولنس CHC Palli Morh گاڑی کو کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔

ستیش شرما

کھیل کود اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے سوامی وویکانند کے یومِ پیدائش کے موقعے پر کل جموں میں اِندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کی جانب سے منعقدہ تقریب کے دوران نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ملک کی مجموعی ترقی کے لئے اپنا رول ادا کریں ۔ سوامی وویکانند اکو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ستیش شرما نے کہا کہ سوامی جی کی تعلیمات پوری دنیا کے نوجوانوں کے لئے مشعلِ راہ ہےں ۔

اس سلسلے میں کل سرینگر، بڈگام، بانڈی پورہ، شوپیان اور کئی دوسرے اضلاع میں بھی تقاریب کا اہتمام کیا گیا جس دوران شرکاءنے سوامی وویکانند ا کی سماجی و ادبی خدمات کو اجاگر کیا گیا۔

چیف سیکرٹری

قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے تعلق سے 19 جنوری کو منعقد ہونے والی تقریب کے سلسلے میں کی جا رہی تیاریوں کا چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے جموں میں ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔انہوں نے تمام متعلقین پر زور دیا کہ وہ اس پروگرام کو عوامی تحریک کے طور پر منائیں اور ملک کی آزادی ،قومی وقار اور یکجہتی کو ایسے پروگراموں میں اجاگر کریں۔

صو بائی کمشنر

صو بائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے تمام متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ وہ وادی کے تمام فلڈ زونز کے لئے ایسی منصوبہ بند پالیسی ترتیب دیں جس سے کسی بھی سیلابی صورتحال کو ٹالا جا سکے۔

اسی دوران صوبائی کمشنر نے کل ایک اور میٹنگ کے دوران جمع بندیوں کی Digitalisation ، Migrant Inventory آن لائن سروسز ، Delivery ،Redressel of Public and Migrant Grievances اور پرائیویٹ کوچنگ سینٹروں کے کام کاج کے بارے میں ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی ۔

اس موقعہ پر صوبائی کمشنر نے ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی کہ وہ دہشت پسندی کے شکار کیسوں کا SRO 43 لوگوں کے لواحقین کو سرکاری نوکریاں فراہم کرنے سے متعلق زیر التواء جلد نپٹارا یقینی بنائیں ۔

JKBOSE

حکومت نے جموں وکشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن کے سیکریٹری غلام حسن شیخ کو چیر مین جے اینڈ کے بورڈ آف سکول ایجوکیشن کی ذمہ داری سونپ دی ہے ۔اس سلسلے میں جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے کل با ضابطہ طور ایک حکمنامہ جاری کیا گیا ۔ ایک اور حکمنامہ کے مطابق ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن جموں نسیم جاوید چودھری کو ڈائریکٹر سٹیٹ کاونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ یعنی JKSCERT کی اضافی ذمہ داری بھی تاحکم ثانی تفویض کی گئی ہے ۔

کولگام

کولگام ضلعے میں کل مشن یووا کے اہتمام سے ایک روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا جس دوران ضلع میں لوگوں کی مجموعی آمدنی کو بڑھانے اور صنعتی اداروں کے کلچر کو عام کرنے پر زور دیا گیا ۔

شوپیان

ضلع انتظامیہ شوپیان نے گاڑی مالکان کو ہدایت دی کہ وہ اپنی گاڑیوں میں GPS ٹریکنگ آلات نصب کریں۔ اس نے کان کنی میں استعمال کی جانے والی مشینوں اور گاڑیوں میں بھی یہ آلات نصب کرنے کی ہدایت دی ہے۔

DLSA

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھار ٹی سرینگر کی جانب سے کل ایک جانکاری پروگرام کا اہتمام ہوا یعنی کم عمری میں شادی کے منفی اثرات اور جو " Bal Vivah Mukt Bharat " جس دوران ینائل جسٹس کے بارے میں جانکاری دی گئی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****